اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

”سونے سے پہلے کی نیتیں“

فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم : نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ "مسلمان کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے" (طبرانی معجم کبیر ج6 ص185 حدیث 942 داراحیاء التراث العربی بیروت)

دو مدنی پھول: (1) بغیر اچھی نیت کے کسی بھی عملِ خیر کا ثواب نہیں ملتا

(2) جتنی اچھی نیتیں زیادہ، اتنا ثواب بھی زیادہ

﴿1﴾ گناہ سے بچنے کی نیت سے سوؤں گی۔ ("امام غزالی نے لکھا ہے فرائض کے بعد گناہ سے بچنے کے لیے سوجائے" (مدنی مذاکرہ 145)) ﴿2﴾ کاش خواب میں سرکارِ اَبَد قرار، ہم غریبوں کے غمگسار، آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کی زیارت ہو جائے۔ اس نیت سے سوؤں گی۔

الٹی ہی چال چلتے ہیں دیوانگانِ عشق
آنکھوں کو بند کرتے ہیں دیدار کے لیے (مدنی مذاکرہ نمبر 145)

﴿3﴾ سنت پر عمل کی نیت سے بستر جھاڑلوں گی۔ ﴿4﴾ سونے سے قبل سرمہ لگانا سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کی سنت ہے (مدنی مذاکرہ 145) سونے سے قبل سرمہ لگاؤں گی۔ ﴿5﴾ چٹائی پر یا زمین پر سوؤں گی۔ ﴿6﴾ سنتِ سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم پر عمل کرنے کی نیت کے ساتھ سنت بکس کے ساتھ سرہانے رکھ کر سوؤں گی۔ ﴿7﴾ بخاری و مسلم شریف کی حدیث مبارکہ میں ہے: "جب تم بستر پر جانے کا ارادہ کرو تو وضو کرو اور پھر سیدھے پہلو پر لیٹو۔" حدیثِ مبارکہ پر عمل کی نیت کے ساتھ باوضو سوؤں گی۔ اس طرح کرنے والے کی روح کو عرش پر لے جایا جاتا ہے نیز جاگنے تک نماز پڑھنے والوں میں لکھا جاتا ہے۔ (کیمیائے سعادت / مدنی مذاکرہ نمبر 145) چنانچہ باوضو اور سیدھے پہلو سیدھے رخسار (یعنی گال) کے نیچے سیدھا ہاتھ رکھ کر لیٹوں گی۔ (101 مدنی پھول میں ہے: "کچھ دیر سیدھی کروٹ پر سیدھے ہاتھ کو رخسار (یعنی گال) کے نیچے رکھ کر قبلہ رُو سوئے پھر اس کے بعد بائیں کروٹ پر (عالمگیری ج5 ص376)) ﴿8﴾ قبلہ رُو سوؤں گی۔ (قبلے کا رُخ بتایا جائے) ﴿9﴾ پردے میں پردہ کر کے آیۃ الکرسی اور چاروں قل پڑھ کر سوؤں گی۔ ﴿10﴾ سوتے وقت کی دعا (اوّل و آخر درودِ پاک کے ساتھ) پڑھ کر سوؤں گی۔ (مدنی مذاکرہ 145) ﴿11﴾ تمام گناہوں سے سچی توبہ کر کے، ﴿12﴾ قبر میں سونے کو یاد کر کے،

﴿13﴾ عبادات کی ادائیگی پر قوت حاصل کرنے، ﴿14﴾ تحصیلِ علمِ دین میں چستی پیدا کرنے، ﴿15﴾ صحت (جو کہ نعمتِ الٰہی عزوجل ہے) کی حفاظت کی نیت کے ساتھ سوؤں گی۔ ﴿16﴾ اِس نیت کے ساتھ سوؤں گی۔ (تہجد پڑھوں گی کہ نمازِ عشاء کے بعد سونا شرط ہے) (مدنی مذاکرہ 145) ﴿17﴾ پیر و مرشد کے عطا کردہ شجرہ شریف کے اوراد میں سے کچھ نہ کچھ پڑھ کر سوؤں۔ ﴿18﴾ اکیس بار "یا مُتَکَبِّرُ" پڑھ کر سوؤں گی کہ اس سے برے خواب نہیں آتے۔ (40 روحانی علاج) ﴿19﴾ بیدار ہونے پر بیدار ہونے کی دعا پڑھنے کی نیت کے ساتھ سوؤں گی۔ (مدنی مذاکرہ 145)

مدنی پھول: نیتیں کرواتے وقت نمبر نہ دہرائے جائیں۔